27-03-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلہ کیلئے اعلامیہ کل جاری کیا جائے گا جبکہ پہلے مرحلہ کے تحت بہار کے ماسوا پرچہ جات نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ آج ختم ہوگئی۔

☆بی جے پی کے ریاستی سکریٹری وسابق دوباک ایم ایل اے رگھونندن راؤ نے ڈی جی پی سے مطالبہ کیا ہے کہ فون ٹیاپنگ کے مبینہ معاملہ میں سابق وزیراعلیٰ کے سی آر اور ایم ایل اے ہریش راؤ کے علاوہ اس وقت کے سدی پیٹ ضلع کلکٹر کے خلاف کیس درج کیا جائے۔

☆بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو چیلنج کیا ہے کہ وہ اپنے عہدہ سے مستعفیٰ ہوکر ان کے خلاف حلقہ پارلیمنٹ ملکاجگیری سے مقابلہ کرکے دکھائیں۔

☆الیکشن کمیشن کی جانب سے انتخابات کے دوران 27 آئی ٹی ایپس اور سسٹم کے ذریعہ بڑے پیمانے پر ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن کی جانب سے انتخابات کے دوران ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے اور اس سلسلے میں 27 آئی ٹی ایپس اور سسٹم کا استعمال کیا جائے گا۔ ایپس اور پورٹلس کے ذریعہ ٹیکنالوجی کے استعمال سے امیدواروں، عوام اور انتخابی عہدیداروں کو کافی سہولت ہوسکتی ہے۔ آن لائن سویدھا پورٹل کے ذریعہ امیدوار پرچہ جات نامزدگی اور حلف نامے داخل کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ امیدوار میٹنگس، ریالیاں وغیرہ کی اجازت حاصل کرنے کیلئے بھی پورٹل کا استعمال کررہے ہیں۔ ٹیکنالوجی کے استعمال سے ہرکسی کو کافی مدد مل رہی ہے۔ ووٹر ہیلپ لائن کے ذریعہ رائے دہندے فارمس بھی آن لائن داخل کرسکتے ہیں اور پولنگ بوتھ کی تفصیلات دیکھنے کے علاوہ الیکشن فوٹو شناختی کارڈ بھی ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ٹی آر ایس کے کارگذار تارک راماراؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو نشانہ بناتے ہوئے انہیں انتباہ دیا ہے کہ اپنے عہدہ سے مستعفی ہوکر ان کے خلاف حلقہ پارلیمنٹ ملکاجگیری سے مقابلہ کرکے دکھائیں۔ کے ٹی آر نے ریونت ریڈی کے کانگریس سے وابستگی کے معاملہ پر سوال اٹھایا۔ تلنگانہ بھون میں آج حلقہ پارلیمنٹ ملکاجگیری کے پارٹی کیڈر سے خطاب کرتے ہوئے راماراؤ نے اس بات پر مایوسی کا اظہار کیا کہ ریونت ریڈی ملکاجگیری سے مقابلہ کیلئے ان کا چیلنج قبول نہیں کررہے ہیں۔ کے ٹی آر نے کہا کہ انتخابات میں کانگریس یا بی جے پی کو ووٹ دینا بی جے پی کیلئے ہی فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کانگریس کے سینئر لیڈر راہول گاندھی، وزیراعظم نریندر مودی اور گوتم اڈانی کو تنقید کا نشانہ بنارہے ہیں جبکہ ریونت ریڈی، مودی کے بڑا بھائی ہونے کی حیثیت سے تعریف کررہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

محکمہ اسکولی تعلیم کی جانب سے آج اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ اسٹیٹ ٹیچر اہلیتی ٹسٹ (TSTET 2024) میں شرکت کرنے کیلئے سرکاری اسکولوں کے اساتذہ کو متعلقہ عہدیداروں سے اجازت حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کمشنر اسکولی تعلیم سری دیوسینا نے یہ بات کہی۔ ہائی کورٹ کے احکام کے بعد سرکاری اساتذہ کیلئے ٹیٹ اہلیت لازمی ہوگئی ہے۔ تب ہی وہ ترقی پاسکتے ہیں۔ ٹیٹ کیلئے رجسٹریشن ویب سائٹ schooledu.telangana.gov.in پر آج سے دس اپریل تک نام درج کرائے جاسکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سی یو ای ٹی ۔ یو جی 2024 کے لئے آن لائن درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ میں اس ماہ کی 31 تاریخ تک توسیع کی گئی ہے ۔ یو جی سی کے چیئر مین جگدیش کمار نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ امیدواروں اور دیگر عہدیداروں کی خواہش پر کیا گیا ہے۔ سی ای یو ای ٹی ۔ یو جی 2024 کے تحت 380 شہروں میں ٹسٹ منعقد کیا جاتا ہے جن میں ہندوستان سے باہر والے 26 شہر بھی شامل ہیں ۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے صدر چندر شیکھر راؤ آئندہ ماہ کی 13 تاریخ کو حلقہ پارلیمنٹ چیوڑلہ میں ایک بڑے عوامی جلسہ سے خطاب کریں گے ۔ پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے یہ اعلان کیا ہے۔ توقع ہے کہ چندر شیکھر راؤ چار اپریل کو لوک سبھا انتخابات کیلئے باقاعدہ طور پر پارٹی کی انتخابی مہم شروع کریں گے ۔ تلنگانہ بھون میں آج پارٹی کیڈر سے خطاب کرتے ہوئے راما راؤ نے اس بات کو مسترد کر دیا کہ کانگریس چیوڑلہ، ملکاجگیری اور حلقہ سکندرآباد سے ایم پی کی نشستوں پر کامیاب ہوگی ۔ کے ٹی آر نے اپنے موجودہ لیڈرس کی جانب سے کسی مناسب امیدوار کو کھڑا نہ کرنے پر کانگریس کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ وہ بی آر ایس پارٹی سے لیڈرس کو اپنی پارٹی میں شامل کرنے کی کوشش کر رہی ہے ۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے ریاستی سکریٹری و دوباک حلقہ سابق ایم ایل اے رگھونندن نے آج بی جے پی پر زور دیا ہے کہ حلقہ اسمبلی دوباک کے ضمنی انتخاب کے دوران مبینہ طور پر فون ٹیاپنگ معاملہ میں سابق وزیراعلیٰ کے سی آر، سابق وزیر ہریش راؤ اور اس وقت کے سدی پیٹ ضلع کلکٹر وینکٹ رامی ریڈی کے خلاف کیس درج کیا جائے ۔ بی جے پی کو روانہ کردہ ایک خط میں رگھونندن راؤ نے الزام عائد کیا کہ اس وقت کے وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ کی ہدایت پر ان کے افراد خاندان اور خود ان کا فون ٹیاپ کیا گیا تھا۔ انہوں نے ڈی جی پی پر زور دیا کہ اس سلسلے میں تحقیقات شروع کی جائیں اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی کی جائے ۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے ماہ رمضان المبارک کے آخری جمعہ یعنی جمعۃ الوداع کو تعطیل کا اعلان کیا ہے ۔ کیلنڈر کے مطابق پانچ اپریل کو اختیاری چھٹی کا اعلان کیا گیا تھا۔ جمعۃ الوداع کے موقع پر حیدرآباد اور تلنگانہ کے بعض اضلاع سے تعلق رکھنے والے عوام کی بڑی تعداد تاریخی مکہ مسجد میں نماز ادا کرتی ہے ۔ اس کے علاوہ جمعۃ الوداع کے دن ہی بابو جگجیون رام کا یوم پیدائش بھی آ رہا ہے۔ اسی بناء پر ریاستی حکومت نے اس دن عام تعطیل کا اعلان کیا ہے ۔

☆☆☆☆☆

شہر کے علاقہ اپل میں واقع راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں آج شام ساڑھے سات بجے سے میزبان ٹیم سن رائزرس حیدرآباد اور ممبئی انڈینس کے درمیان آئی پی ایل کا ایک میاچ کھیلا جائے گا۔ اس سیزن میں اپل اسٹیڈیم میں یہ آئی پی ایل کا پہلا میاچ ہوگا ۔ دونوں ہی ٹیمیں اب تک ایک ایک میاچ کھیل چکی ہیں تاہم انہیں شکست ہوئی ہے ۔ لہذا دونوں ٹیمیں آج کے میاچ میں جیت کے ذریعہ پہلی کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کریں گی ۔ اپل اسٹیڈیم میں آئی پی ایل کے میاچس پر امن طور پر منعقد کرنے کیلئے پولیس اور متعلقہ عہدیداروں کی جانب سے تمام تر انتظامات کیے گئے ہیں ۔ آر ٹی سی کی جانب سے میاچ کے اوقات میں خصوصی بسیں چلائی جائیں گی ۔

☆☆☆☆☆

جوبلی ہلز پولیس نے چیف منسٹر ریلیف فنڈ چیک دھوکہ دہی معاملہ میں سابق وزیر ہریش راؤ کے دفتر سے تعلق رکھنے والے ایک ملازم کے بشمول چار افراد کو گرفتار کرلیا ہے ۔ نریش کمار نامی کنٹراکٹ کی بنیاد پر ڈاٹا انٹری آپریٹر ہریش راؤ کے دفتر میں کام کرتا تھا ۔ اس کے علاوہ کے وامشی نامی ایک کارڈرائیور، وینکٹیش گوڑ اسمبلی میں اٹنڈر تھا اور گوداوری کھنی اوم کار نامی شخص کو آج گرفتار کرلیا گیا۔ اس سلسلے میں میدک سے تعلق رکھنے والے تیس سالہ روی نائیک نامی شخص نے شکایت درج کرائی تھی ۔ روی نے جنوری 2023 میں سی ایم ریلیف فنڈ کیلئے اس وقت درخواست داخل کی تھی جب نومبر 2022 میں اس کی بیوی سانپ ڈسنے سے چل بسی تھی ۔ ایف آئی آر کے مطابق نریش کمار نے روی کمار اور وامشی کے نام سے کمیشن کیلئے دو چیک جاری کئے تھے جو پچاس ہزار اور 37 ہزار 500 روپئے پر مشتمل تھے ۔ اوم کار نے خود کو روی نائیک ظاہر کرتے ہوئے ان چیکوں کو اسٹیٹ بینک آف انڈیا جوبلی ہلز برانچ کے ذریعہ رقم نکالی تھی ۔

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلہ کیلئے اعلامیہ کل جاری کیا جائے گا۔اس مرحلہ کے تحت بارہ ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں میں اٹھیاسی لوک سبھا نشستوں کیلئے انتخابات ہوں گے۔اس مرحلہ میں آؤٹر منی پور کی ایک نشست بھی شامل ہے۔کیرالہ کی بیس نشستیں ،کرناٹک کے چودہ ،راجستھان کی تیرہ، اتر پردیش اور مہاراشٹرا سے آٹھ آٹھ، مدھیہ پردیش سے سات، آسام اور بہار سے پانچ پانچ ،مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ سے تین تین ،منی پر، تریپورہ، جموں وکشمیر سے ایک ایک سیٹ کیلئے اس مرحلہ میں رائے دہی ہوگی۔پرچہ جات نامزدگی چار اپریل تک داخل کئے جاسکتے ہیں۔اسی دوران پہلے مرحلہ کے لوک سبھا انتخابات کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ آج ختم ہوگئی۔تاہم بہار میں پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ کل مقرر ہے۔پہلے مرحلہ کے تحت لوک سبھا کی 102 نشستوں کیلئے انتخابات ہوں گے۔پرچہ جات نامزدگی کی تنقیح اس ماہ کی اٹھائیس تاریخ کو ہوگی۔

☆☆☆☆☆

چھتیس گڑھ میں چھ ماؤنواز وں بشمول دو باغی خواتین کو سکیورٹی فورسیس کے ساتھ ہوئی جھڑپ میں ہلاک کردیا گیا۔یہ مدبھیڑ آج قبائیلی بستر ڈیویژن میں ہوئی۔سی آر پی ایف،کوبرا بٹالین اور ڈسٹرکٹ ریزو گارڈ پر مشتمل ایک مشترکہ ٹیم بیجاپور ضلع کے جنگلاتی علاقہ میں تلاشی آپریشن میں مصروف تھی تب ہی چپور بھٹی کے قریب انکاؤنٹر شروع ہوگیا۔فائرنگ کے تبادلہ میں چھ ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔مقام واقعہ سے چھ لاشیں ملی ہیں۔علاقہ میں تلاشی آپریشن جاری ہے۔

☆☆☆☆☆

رائے دہندوں میں ووٹنگ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے نظام آباد ضلع ہیڈ کوارٹرس میں آج ''میں ضرور ووٹ ڈالوں گا'' کے زیرعنوان 5K رن کا اہتمام کیا گیا۔میونسپل کارپوریشن کے کمشنر مکارند نے اولڈ کلکٹریٹ کے پاس 5K رن کو جھنڈی دکھائی۔اس موقع پر مختلف محکموں کے عہدیدار، ڈاکرا اسوسی ایشنوں کے ارکان،طلبہ اور نوجوانوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔

☆☆☆☆☆